مقبول ہیں | رِواج | تعلقات | لگ بھگ | کُشتی







# ہمارے کھیل

انسان ہمیشہ سے کھیل کود کا شوقین رہا ہے ۔ وقت کے ساتھ ساتھ کھیل بھی بدلتے رہے ہیں ۔ شروع شروع میں انسان جنگلوں میں رہتا تھا ۔ اُس کی گُزر بسر جنگلی پھلوں اور جانوروں کے شکار پر تھی ۔ اُس زمانے میں وہ تیر سے جانوروں کا شکار کرتا تھا ۔ تیراندازی اس کا کھیل تھا ۔ جیسے جیسے انسان کی زندگی میں تبدیلیاں آتی گئیں ، کھیل بھی بدلتے گئے ۔


ہمارے ملک میں بھی کھیلوں کا رِواج ہمیشہ سے رہا ہے ۔ ہمارے یہاں پہلے کُشتی ، کبڈّی اور گلّی ڈنڈا جیسے کھیلوں کا رواج تھا کُشتی کے مُقابلے ہوتے تھے ۔ ایک پہلوان دوسرے پہلوان کو پچھاڑنے کی کوشش کرتا تھا ۔ کبڈّی اور گِلّی ڈنڈے میں دو ٹیموں کے



درمیان مقابلہ ہوتا تھا۔ یہ کھیل ہمارے ملک میں آج بھی کہیں کہیں کھیلے جاتے ہیں۔

دوسرے مُلکوں سے ہمارے تعلقات بڑھے، تو وہاں کے بہت سے کھیل ہمارے یہاں کھیلے جانے لگے، ان میں سے کچھ کھیل بہت مقبول ہیں، جیسے: کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، والی بال اور ٹینس وغیرہ۔ ہاکی میں تو لگ بھگ تیس سال تک کوئی ملک ہم سے نہیں جیت سکا اور آج بھی ہماری ہاکی ٹیم دُنیا کی مشہور ٹیموں میں سے ایک ہے۔ کرکٹ میں بھی ہم نے بہت نام پیدا کیا ہے۔ ہماری ٹیم نے ۱۹۸۳ء میں کرکٹ کا عالمی کپ جیتا ہے ٹینس میں حیدر آباد کی جواں سال کھلاڑی ثانیہ مرزا نے ہندوستان کا نام دُنیا بھر میں روشن کر دیا، انہوں نے ۲۰۰۳ء میں ۱۶ سال کی عمر میں ومبلڈن میں گرینڈ سلیم اعزاز حاصِل کیا، جو ہندوستان کی کھیل کود کی تاریخ میں کسی خاتون کو مِلنے والا پہلا اعزاز ہے۔

کھیلوں کی اہمیت اب اور بھی بڑھ گئی ہے، کیوں کہ ان کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ میل جول اور بھائی چارا پیدا کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔









## ا۔ آؤ معنی یاد کریں

تیر اندازی : تیر چلانا

شَوقین : شوق رکھنے والا

گُزربسَر : گُزارہ، بسَر اوقات

رِواج : چلن، رسم

تعلقات : (تعلق کی جمع) میل جول

نام پیدا کرنا : شُہرت حاصِل کرنا

لگ بھگ : قریب قریب، مِلتا جُلتا

مقبُول : پسندیدہ

کُشتی : زور آزمائی، دو پہلوانوں کا آپس میں گُتھم گُتھا ہونا

اہمیت : ضرورت، قدر و قیمت، وَقعت

## ۲۔ مختصر جواب لکھیے :

☆ چند ہندوستانی کھیلوں کے نام لکھیے

☆ کشمیر میں کون سے کھیل زیادہ مقبول ہیں؟

☆ کرکٹ کے چند اہم کھلاڑیوں کے نام لکھیے؟

☆ ہماری ٹیم نے کرکٹ کا عالمی کپ پہلی بار کب جیتا؟

☆ ٹینس میں کِس نوجوان لڑکی نے ہندوستان کا نام روشن کیا ؟ اور کون سا اعزاز پہلی بار حاصل کیا ؟

## ۳. نیچے دیے ہوئے الفاظ میں سے درست لفظ تلاش کر کے خالی جگہیں پُر کیجیے :

اونچا، بہترین، تیر، بھائی چارا، چُستی

☆ کھیلنے سے بدن میں..................آتی ہے۔

☆ جنگل کی زندگی میں انسان کا شوق..................اندازی تھا۔

☆ ہمارے کھلاڑیوں نے دُنیا بھر میں ہندوستان کا نام..................کیا ہے۔

☆ ہندوستان کی ہاکی ٹیم دُنیا کی......................ٹیم سمجھی جاتی ہے۔

☆ کھیلوں کے ذریعے.................. پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## ۴. ..................

کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ مثلاً، اسلم۔ ثانیہ مرزا۔ دلی۔ جموں۔ کتاب۔ قلم

### ان جملوں میں اسم تلاش کیجیے

☆ ثانیہ مرزا نے ہندوستان کا نام روشن کیا

☆ اسلم کرکٹ کھیلنے میں ماہر ہے

☆ حلیمہ کتاب پڑھ رہی ہے

## ۵. مثال دیکھ کر لفظ کے مقابلے میں اُس کا متضاد لفظ لکھیے

| | | |
|---|---|---|
| مثال : | دوستی | دُشمنی |
| | جیت | |
| | دن | |
| | رات | |
| | چُستی | |
| | اُجالا | |

## ۶. مثال دیکھ کر لفظ مکمل کیجیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مثال: | ہم | + | درد | = | ہم درد |
| | ہم | + | دم | = | |
| | ہم | + | شکل | = | |
| | ہم | + | نوا | = | |
| | ہم | + | عمر | = | |
| | ہم | + | جھولی | = | |

## ۷. استاد کی مدد سے کھیلوں کی اہمیت پر چند جملے لکھیے

## ۸. استاد سے معلوم کیجیے کہ ہندوستان نے دوسری بار عالمی کپ کب جیتا؟